ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 06 مارچ 2020ء۔

آئی جی سندھ مشتاق احمد مہر کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس۔ کاؤنٹر ٹیررازم، اسپیشل برانچ، انویسٹی گیشن اور سندھ ریزرو پولیس کے اعلیٰ افسران کی شرکت۔ متعلقہ شعبہ جات کے پولیسنگ کے حوالے سے مرکزی کردار، جملہ امور و دستیاب/ درکار وسائل پر علیحدہ علیحدہ تفصیلات سے آئی جی سندھ کو آگاہی دی گئی۔

ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی ڈاکٹر کامران فضل نے سی ٹی ڈی کی کارکردگی رپورٹ و دیگر ضروری تفصیلات کا احاطہ کیا۔ ایڈیشنل آئی جی اسپیشل برانچ عمران یعقوب منہاس نے اسپیشل برانچ کے مختلف یونٹس کی پولیسنگ کے حوالے سے ترجیحات کا احاطہ کیا۔ اجلاس میں ڈی آئی جی ٹریفک اور ڈی آئی جی سی آئی اے کے علاوہ ڈی آئی جی آر آر ایف/ سی پیک نے بھی اپنے اپنے یونٹس سے متعلق بریفنگ دی۔

شب و روز محنت کریں اور پولیسنگ کو مزید بہتر اور عوام دوست بنائیں۔ آئی جی سندھ

سندھ پولیس ایک منظم اور یونیفارم فورس ہے سب کو ساتھ ملکر آگے بڑھنا ہوگا۔ مشتاق احمد مہر

سندھ پولیس کو درکار وسائل و ضروریات قواعد و ضوابط کے تحت فراہم کی جائیں گی۔ آئی جی سندھ

-:-:-:-:-:-:-:-:-:-